# ہنسیئے کھیلئے

حصہ اول

## درجۂ اول

(درجۂ اول کے لیے زبان، ریاضی اور ماحولیاتی مطالعے سے ہم آہنگ درسی کتاب)

# ହସଖେଳ

(ପ୍ରଥମ ଭାଗ)

## ପ୍ରଥମ ଶ୍ରେଣୀ

(ଭାଷା, ଗଣିତ ଓ ପରିବେଶ ଅଧ୍ୟୟନର ସମନ୍ୱିତ ପାଠ୍ୟପୁସ୍ତକ ଓ କାର୍ଯ୍ୟପୁସ୍ତକ)

اڈیشا اسکول تعلیمی پروگرام اتھاریٹی،
بھوبنیشور

محکمۂ تعلیم اساتذہ اور صوبائی تحقیق و تربیتی ادارہ برائے تعلیم،
اڈیشا، بھوبنیشور

# ہنسیئے کھیلئے

## حصہ اول

## درجۂ اول

ترتیب و تدوین: اردو نصابی ورکشاپ

کوآرڈی نیٹر : ڈاکٹر تلوتّما سیناپتی

ڈاکٹر سبیتا ساہو

ناشر : محکمۂ اسکول و تعلیمِ عامّہ، اڈیشا سرکار

سن اشاعت : 2010
2019

ترتیب : محکمۂ تعلیمِ اساتذہ اور صوبائی تحقیقی و تربیتی ادارہ برائے تعلیم، اڈیشا، بھوبنیشور
اور
ادارۂ نشر و اشاعت برائے کتبِ تعلیم و تدریس صوبۂ اڈیشا، بھوبنیشور

مکتبہ : درسی کتاب چھپائی و فروخت، بھوبنیشور

# اس کتاب کے بارے میں

ابتدائی تعلیم کے معیار کو بلند کرنے کے لیے اڈیشا سرکار اور سروشکشا ابھیجان کے ذریعے لیے گیے مختلف اقدامات میں سے نصابی کتابوں کی تجدید ایک اہم کوشش ہے۔ روایتی قسم کے موضوع پر مشتمل کتاب کے مطالعے سے باہر نکل کر حصول تعلیم کے باب میں طلبا کی عملی طور پر شرکت ہی قومی نصابِ تعلیم ۲۰۰۵ء کا اہم مقصد ہے۔ ''ہنسیے، کھیلیے'' نامی پہلی جماعت کی کتاب کا یہ ایڈیشن مذکورہ نصابِ تعلیم کی اساس پر منتج ہے۔ اب اس کتاب کو زیادہ پر لطف اور دلکش بنانے کے لیے موضوعات کے تعلق سے نقشے دیے گیے ہیں۔ بچوں کے از خود علم حاصل کرنے کے لیے مختلف قسم کی مشق کے طریقے اس کتاب میں شامل کیے گیے ہیں۔ اس لیے اس نصابی کتاب کو بچوں کے لیے مشقی کتاب (Work Book) اور استادوں کے لیے ہینڈ بک (Teacher's Hand Book) کے طور پر استعمال کیا جا سکے گا۔ اس میں شامل نقشوں اور مشقوں کے توسط سے زبان، حساب اور ماحولیات تینوں شعبوں میں سیکھنے سکھانے کا موقع فراہم کیا گیا ہے۔ امید ہے کہ بچے نقشے دیکھ کر بات چیت کرنا (زبان کی تعلیم) تصویروں کے ذریعہ جانے پہچانے جانور، پھول، پھل، پیڑ، پتے، سامان وغیرہ گننا اور ان کی شکل کا موازنہ کرنا (ریاضی کی تعلیم) نیز نقشوں میں دیے گیے پیڑ پودوں، جانوروں اور مختلف اشیا کے بارے میں (ماحولیات کی تعلیم) اپنی معلومات میں خاصا اضافہ کر سکیں گے۔

امید ہے کہ یہ کتاب بچوں کو پسند آیے گی اور وہ لوگ خود بخود اس کے اوراق الٹنے لگیں گے۔ اس کتاب میں اساتذہ اور والدین کے لیے بھی معاون اشاریہ شامل ہے۔ توقع ہے کہ اساتذہ اور والدین بھی اس کتاب کو پسند کریں گے۔

کوئی بھی نصابی کتاب بذات خود مکمل ہونے کا دعویٰ نہیں کر سکتی۔ مختلف قسم کے تجربوں اور مشوروں کی بنا پر نصابی کتاب تیار کی جاتی ہے۔ بچوں کے لیے یہ کس قدر قابل قبول ہوتی ہے اور درس و تدریس میں یہ کس حد تک معاون ثابت ہوتی ہے ان باتوں سے آگاہ ہو کر آئندہ ایڈیشن میں مناسب تبدیلیاں لانے کا انتظام کیا جایے گا۔

اس کتاب میں اگر کتابت یا نفس مضمون کے تعلق سے کوئی خامی نظر آیے تو اس کی نشان دہی فرماییے تا کہ اس کی تصحیح کی بابت آئندہ غور کیا جا سکے۔ اس تحریر کے ذریعے ہم اساتذہ کرام کو متنبہ کرنا چاہیں گے کہ زیرِ نظر نصابی کتاب کو وہ ایک اشاراتی کتاب کے طور پر قبول کریں۔ اس کتاب میں شامل شدہ مختلف مشقوں کی بنا پر اسکولوں کے اندر اور اسکولوں سے باہر اور بھی بہت سی مثالیں دی جا سکتی ہیں۔

لہٰذا اساتذہ حضرات کی معلومات کو مدنظر رکھتے ہویے مقامی بولیوں سے مثالیں دیتے ہویے اور اپنے ماحول سے مختلف سامان کو یکجا کرتے ہویے موضوع و مواد کو مزید دل پذیر بنانے کی کوشش کریں۔

مجلسِ اِدارَت

# فہرست


| نمبر شمار | موضوع | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| ۱۔ | دیکھئے اور کہیے | 1 |
| ۲۔ | چنّو منّو | 3 |
| ۳۔ | بکری پانی کو ڈرتی ہے | 7 |
| ۴۔ | کھیل تماشا | 13 |
| ۵۔ | ٹھو.....ٹھا.... | 19 |
| ۶۔ | دیکھ کر کہیے | 23 |
| ۷۔ | منی گئی تھی بازار کو | 29 |
| ۸۔ | راجا کی دعوت | 35 |
| ۹۔ | دادا جی کا خواب | 41 |
| ۱۰۔ | دیمک | 48 |
| ۱۱۔ | چوں چوں کرتی چڑیا آئی | 54 |
| ۱۲۔ | دیوالی | 59 |
| ۱۳۔ | چالاک مرغا | 64 |

سبق : ۱

# دیکھیے اور کہیے





# چنّو منّو





چنّو منّو بھائی بہنا
لے کر آیے چاول آٹا
دونوں نے پھر چولہا پھونکا
انگاروں کو ان میں جھونکا

دونوں مل کر آٹا لایے
روٹی سینکی کھانے بیٹھے
اتنے میں آیا اک چیتا
چنّو منّو پر وہ گرجا



دونوں دوڑے گھر کے اندر
روٹی لے کر آیے باہر

چیتے کو کرسی پہ بٹھایا
کرسی ٹوٹی کٹر کٹر کٹر کٹر
چیتا بھاگا سٹر سٹر سٹر سٹر





# مشق

ا۔ جس لفظ میں ''ا'' استعمال ہوا ہے ① کے چاروں طرف بنائیے ۔

اللہ



آم



آگ



آلو



داغ



امرود



کوا



ادرک



دوات



آری

۲۔ان میں سے کون کون سی چیزیں باورچی خانے میں استعمال ہوتی ہیں؟









۳۔''ل'' کے چاروں طرف ◯ اور ''م'' کے چاروں طرف ☐ بنائیے۔


ڈال


جال


گال


موم


شال


دم

۴۔گن کر بتائیے کہ مشق نمبر ۳ میں ''ل'' کتنی بار آیا ہے اور ''م'' کتنی بار آیا ہے ؟

۵۔''ل'' اور ''م'' کو استعمال کر کے چند اور لفظ بنائیے۔

٦۔ آیئے روٹی بنائیں:



روٹی کو دو حصوں میں توڑیں۔





## سبق ۳: بکری پانی کو ڈرتی ہے

کسی پہاڑی کے نیچے ایک نہر بہہ رہی تھی۔اس کا پانی صاف ستھرا تھا۔ مچھلیاں اچھل کود کر رہی تھیں۔بکری نے چمکتے پانی کو دیکھا۔نہانے کے لیے پانی میں کود پڑی۔

2YTGAA





اس کا پیر مچھلی کے بدن سے جا لگا۔ مچھلی نے غصے میں بکری کی ٹانگ کو کاٹ لیا۔ بکری تلملا اٹھی ۔ ڈر کے مارے وہ باہر نکل آئی۔
اسی دن سے بکریاں پانی سے ڈرتی ہیں۔



# مشق

۱۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیے:



کھڑکی



مور



مچھلی



بگلا



پیڑ



نہر

۲۔ رات    روز زور    درد زرد

”ر“ کے نیچے ایک ــــــــ کھینچیے

”د“ کے نیچے ایک ○ بنائیے

”ز“ کے نیچے ایک ▭ بنائیے

”ڈ“ کے نیچے ایک △ بنائیے

۳۔ ہر لفظ کے پہلے حرف کو نیچے دیے گیے خانے کے اسی حرف کے ساتھ جوڑیئے۔

ریل رب دادا ورق زمین

وزن ربر دہی

| | | | |
|---|---|---|---|
| ر | ز | د | و |

۴۔ سبق '۳' کو دیکھ کر جواب دیجئے۔

(الف) بکریاں کتنی ہیں؟

(ب) بڑی مچھلیاں کتنی ہیں؟

(ج) پانی میں کل مچھلیاں کتنی ہیں؟



مچھلی میں پیلا رنگ بھریئے۔



بکری میں کالا رنگ بھریئے۔

۶۔ ہر دائرے کے اندر ایک حرف اور کئی تصویریں ہیں اس حرف کے ساتھ کس تصویر کا تعلق ہے لکیر کھینچ کے جوڑیئے۔












## ۷۔ آگے لکھیے:



## ۸۔ اعراب، جزم اور تشدید کی پہچان۔

زَبر    زِیر    تشدّید    پیُش    جزمْ

سبق: ۴

# کھیل تماشا



# مشق

ا۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیئے :



کیلا



کریلا



کان



پگڑی



پر



پیر



ناخن



ناریل



نل

٢۔ کتاب کبوتر قلم کٹک

ان چاروں لفظوں میں جہاں ”ک“ استعمال ہوا ہے اس پر ○ بنائیے۔

پتنگ پیالہ تتلی پر

ان چاروں لفظوں میں جہاں ”پ“ استعمال ہوا ہے اس پر □ بنائیے۔

ناشپاتی ندی ناک نمک

ان چاروں لفظوں میں جہاں ”ن“ استعمال ہوا ہے اس پر △ بنائیے۔

△ □ ○

٣۔ سوال نمبر ٢ میں جتنے ○ دیے گیے ہیں اتنی ہی لکیریں اس نشان کے اندر بنائیے۔ اسی طرح جتنے نشانات دیے گیے ہیں ان میں بھی اتنی لکیریں کھینچیے۔

٤۔ لفظوں کے ساتھ نقشوں کو لکیروں سے جوڑیئے۔

پودا

کدو

لٹو

قلم









۵۔ نیچے دی گئی تصویروں میں بدن کے جن مختلف حصوں کے ساتھ دوسری مختلف تصویریں دی گئی ہیں، بدن کے جس حصے کا تعلق جس تصویر سے ہے اس پر صحیح ✓ کا نشان لگائیے۔



## ٦۔ آیئے رنگ بھریں:



- دائرہ نشان والے غبارے میں پیلا رنگ۔
- ایک تصویر والے غبارے میں لال رنگ۔
- تین تصویر والے غبارے میں ہرا رنگ۔
- چار تصویر والے غبارے میں نیلا رنگ۔

## ۷۔ آیئے ہم اس طرح لکھیں:



۱



۲




۳



۴



۵

## ۸۔



چاند



چوکور



چٹائی

سبق:۴

# ٹھو.....ٹھا....

ببلو اور ببلی نے دی آواز مل کر
آ گیا بیلون والا ، آ گیا بیلون والا

ہم کو تو بیلون دے جا
نیلے پیلے رنگ برنگے



ہم کو تو بیلون دے جا
ہاتھ میں بیلون لے کر
پھر انھوں نے کھیل کھیلا
آٹھ بیلون کو جوڑا
اور انھیں آکاش کی جانب جو چھوڑا
پھٹ گیے بیلون سب آواز دے کر (ٹھو.....ٹھا....)

ببلو ، ببلی ہنس پڑے پھر ہا...ہا...ہا... ہاہ ......

# مشق

ا۔ تصویر دیکھ کر پڑھیے :



سارس



بطخ



کتاب



ٹہنی



نل



لب



شریفہ



آلو



پیاز



چپل



پودا



قلم

۲۔




ٹہنی حرف ''ٹ'' کو چھوے گی۔




بگلا اپنی چونچ سے حرف ''ب'' کو چھوے گا۔

۳۔ ''آ'' والے الفاظ کے خانے میں رنگ بھریئے۔

| آسمان | خربوزہ | آدم | شیر | آگ |
|---|---|---|---|---|
| | | | | |

۴۔حروف د، پ، غ، ٹ، ش اور لا نقشے میں کہاں ہیں لکیر کھینچ کر دکھائیے۔




۵۔کن چیزوں کا تعلق ہاتھ سے ہے۔



٦۔کہیئے: ہاتھ سے کیا کیا کام ہوتے ہیں؟

اگر ہاتھ نہ ہوتا تو کیا ہوتا؟

# سبق ۶: دیکھ کر کہیے

میرے منہ میں دانت اب باقی نہیں ہیں
لڑکیاں دو ہیں مرے بیٹے کی، ریما اور سیما
بولیے کس نام سے مجھ کو پکاریں گی وہ دونوں





ریما، سیما کو بلایا داداجی نے
پاس آؤ بات اک پوچھوں میں تم سے
دھرماجی ہیں آپ کے والد کے بھائی
ان کو کیا کہہ کے پکارو گی یہ بولو

دادا جی نے پھر بلایا پاس ان کو
جس نے تم کو دی ہے جنم ، بولو
کہہ کے کیا ان کو پکارو گی آخر
جس کو ہے معلوم اٹھایے اپنا ہاتھ

امّی جاں کا بھائی اور ان کی بہن
ان کو کیا کہہ کے بلاو گی یہ بولو
ان کے جو ہیں باپ میاں وہ ہیں تمہارے کون، بولو
جو کہے گا وہ بہت پیارا ہے بچہ



# مشق

ا۔ پڑھیے



عمر کا باپ قمر ہے

سیما کا باپ قمر ہے

اب کہیے!

عمر، سیما کا کیا ہوگا؟

پڑھیے!



عمر کی ماں کنیزہ ہے

سیما کی ماں کنیزہ ہے

اب کہیے!

سیما، عمر کی کیا ہوگی؟

۲۔ پڑھیے اور الف ''ا'' کے نیچے لکیر کھینچیے:

   

انگور انار الماری انسان

۳۔ الف ''ا'' کے ساتھ جوڑیئے۔

اشرفی ابرق افطار اماں امرود املی

ا

۴۔ ''آ'' والے لفظوں کو لکیر کے ذریعے ٹوکری تک لائیے:

آئینہ

کاغذ

آنچل



آنسو

کانچ اللہ ادب آم آنگن گنا

۵۔(i) نقشے میں کتنے پھول ہیں، شمار کر کے بتائیے۔

(ii) گل دان کتنے ہیں، شمار کر کے بتائیے۔



٦۔آئیے، برابر عدد والے نقشے کو شمار کر کے لکیر کھینچیں۔



۷۔ عدد کو دیکھ کر اسی طرح لکھنے کی مشق کریں:

۶

۷

۸

۹

۸۔ آپ کے گھر کے آس پاس نظر آنے والے چند درختوں کے نام لکھیے۔

۹۔ پڑھیئے:

لٹو　　چڑیا　　کوّا

چابی　　جنگل　　صراحی

شہر　　بارش　　دریا

۱۰۔ لکھیے!



دوا



چڑیا



کتاب

سبق : ۷

# منی گئی تھی بازار کو

38KV9D

منی ایک چھے سات سال کی لڑکی ہے ۔ ایک دن وہ صبح سویرے اسکول کے لیے روانہ ہوئی ۔ کچھ ہی دور میں ایک بازار تھا۔ منی نے سوچا کہ چلو کچھ دیر بازار گھوم آئیں ۔ وہ بازار کو آئی ۔ بازار میں اس نے کیا دیکھا؟



# مشق

ا۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیئے :



آری



ہاتھ



تاڑ



کیلا



درانتی



رسّی



کٹھل



لہسن



بیگن



چھتری



مشروم



مچھلی

۱۔ نیچے دیے ہوئے خالی خانوں کو انہیں خانوں کے نقطوں کے عددوں سے بھریے۔

| ••••••••• | •••••••• | ••••••• | •••••• | ••••• | •••• | ••• | •• | • |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | ٨ | | | | ۴ | | | ١ |

۲۔ آیئے لکھیں:

۳۔ نقشے پر لکھے حروف کے چاروں طرف دائرہ ◯ بنائیے۔



درخت



پودا



غبار



تربوز



ناریل



صراحی

گائے　برتن　گلاس　بندوق　تلوار

صندوق　ضعیف　ظروف　درزی　تصویر

ضدّی　غلیل　ظلم　دوڑا　نقشہ

رسول　نبی　ولی　قدرت　قلم

## ۴۔ نقشہ دیکھ کر لکھیے اور خالی جگہوں کو پر کیجیے:

۲

دو




دو ــــ



دا ــــ



را ــــ



در ــــ زہ ــــ



در ــــ



نا ــــ



کا ــــ



باز ــــ

پڑھیے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| کالا | انصاف | جاڑا | تالا | تازہ | دانا |
| نانا | آدم | گارا | تارا | تار | گانا |
| کوّا | املی | گناہ | دارا | تاش | راجا |
| باجا | آواز | رات | گاجر | تاج | تاریخ |

## ۵۔خالی جگہوں کو پر کیجئے:



۵ چڑیاں



____ قلم



____ بیلون



____ کلیاں



____ ستارے



فٹ بال

## ٦۔حروف کو دیکھ کر لکھیے :

ا

د

ب

چ

پ

ر

ت

س

ٹ

ث

ج

سبق: ۸

# راجا کی دعوت

جنگل کے جانوروں نے جب یہ اعلان سنا کہ راج دربار میں راجا نے سبھوں کو کھانے پر بلایا ہے تو سارے جانور سج دھج کر نکل پڑے۔






بھالو کے ہاتھ میں بڑی سی ایک ٹوکری تھی۔ جو سفید رنگ کے پھولوں سے سجی ہوئی تھی۔ بندر کے ہاتھ میں گلاب کی ایک کلی تھی۔ اور سب سے پیچھے کمزور گیدڑ ڈگمگاتا ہوا چلا آ رہا تھا۔



ڈبوں میں کھانے کی چیزیں بند تھیں۔ پھر ان ڈبوں کے ڈھکن کھول دیے گیے اور ادھر دربار میں سارے جانور صف باندھ کر بیٹھ گیے۔ ان میں سے کچھ جانور چمچوں سے کھانا لگانے لگے۔



سب سے آخیر میں لومڑی آئی اور لکڑی کے تختے پر بیٹھ گئی۔ لیکن اس وقت تک سارے ڈبے خالی ہو چکے تھے۔

# مشق

ا۔ آیئے نقشہ دیکھ کر کہیں:



ظروف



ڈھول



ناؤ



اژدھا



کمان



گدھا



ژالہ



توتا



طاق

اوپر دیے گیے لفظوں میں جہاں جہاں ظر، نا، ژ، ڈ، ھو، گد، ھا، تو، طا، استعمال ہوے ہیں ان کے چاروں طرف دائرہ ◯ بنایئے۔

## ۲۔ نقشے کے ساتھ ملا کر پڑھیے:



کا





کا پانی



کو پکڑو



کو رنگ کرو

## ۳۔ کون کس کے ساتھ برابر ہے لکیر کھینچ کر ملائیے۔



## ۴۔ تصویر دیکھ کر لکھیے :



۲ عدد شیر



عدد ہرن



عدد بندر



عدد پھول

## ۵۔ آئیے لکھیں:

ح

ث

ڈ

ط

ص

# دادا جی کا خواب



جاڑے کی ٹھنڈی رات تھی۔ دادا جی، گرم چادر اوڑھے پلنگ پر سو رہے تھے۔ انھوں نے ایک خواب دیکھا۔ ایک ہاتھی آسمان پر اڑ رہا تھا۔ وہ اڑتے اڑتے اچانک اسی کمرے کے چھپّر پر آ گرا۔ چھپّر کڑ کڑ کی آواز کے ساتھ ٹوٹ پھوٹ گیا۔ ہاتھی ایک دھماکے کے ساتھ دادا جی کے اوپر گر پڑا۔



وہ ہڑ بڑا کر اٹھ بیٹھے۔ان کا خواب ٹوٹ گیا۔اب دادا جی پلنگ سے گر کر فرش پر تڑپ رہے تھے۔



## مشق

ا۔آیئے پڑھیں:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ہاٹ | سورج | چھپر | آرزو | دوپہر |
| راستہ | بادل | خرگوش | صبح | دوست |
| سبق | برسات | بلّی | شام | سمندر |
| سوچ | چھتری | جانور | گھوڑا | دشمن |

۲۔آیئے نقشہ بنائیں:



درانتی کٹاری چاقو کلہاڑی

۳۔ درخت کی جڑ کے پاس لکھے گیے حروف کو درخت پر لکھے گیے ایک جیسے الفاظ سے جوڑیئے۔




۴۔ نیچے دی گئی تصویر کو الگ الگ موسموں کے نقشوں کے ساتھ جوڑیئے۔



۵۔ منّا اور منّی کھیل رہے تھے۔

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | | | | | ۹ |
| ۹ | | | | | | | | ۱ |

منی زینے پر چڑھنے لگی
منا زینے سے اترنے لگا




۶۔ خالی جگہوں کو عدد سے پر کیجئے۔



## ۷۔ آئیے شمار کریں

 اور  مل کر 

 اور  مل کر 

 اور  مل کر 

 اور  مل کر 

## ۸۔ ہم اس طرح لکھیں گے:

۳ عدد  + ۲ عدد  = ۵ عدد 

۲ عدد  + ۱ عدد  = ۳ عدد 

۴ عدد  + ۲ عدد  = ۶ عدد 

## ۹۔ تصویر دیکھ کر ان کے نام لکھیے اور نقشہ بنائیے۔









## ۱۰۔ پڑھیے:

نل پل ادب چمن صاف پر پھل

دوڑ چمک نیک خط ہل روز علم

چاقو دن کل سنگ دعا گگن ٹاٹ

## ۱۱۔ لکھیئے :



آم — م




دوا — و



تاج — ج



گلاس — س



گائے — ء



چراغ — غ



صندوق — ق

سبق: ۱۰

# دیمک



میرا نام ہے دیمک
مٹی میری دنیا ہے
لکڑی میرا کھانا ہے
سر سر سر چلتی ہوں
منہ پہ مٹی ملتی ہوں
میرا نام ہے دیمک
بھولی بھالی لگتی ہوں
چیونٹی جیسی لگتی ہوں
کپڑوں کو کھا جا تی ہوں
کاغذ پر چھا جا تی ہوں
میرا نام ہے دیمک
بڑھ جاتی ہے بھوک اور پیاس
میں جب دیکھوں پھوس اور گھاس
کٹیا کو تو چرتی ہوں
اینٹ پہ آہیں بھرتی ہوں

دیمک کہلاتی ہوں میں

# مشق

۱۔ نقشہ دیکھ کر پڑھیئے:



اینٹ



دیمک



کوّا



کدو



گھر



پلنگ



آنکھ



گھڑی



گھنٹی

۲۔ ''ر'' کو ''ر'' سے جوڑتے چلیں۔

روزی  در  روٹی  رانی

راستہ  روز  راجا  ڈر

روشنی  راج  روز

رٹ  رات  در

## ۳۔(الف) گ




چھتری کے نیچے دیے گیے حرفوں کو چھتری کے اوپر لکھے گیے حرف ''گ'' سے جوڑ کر پڑھیئے۔جیسے آ+گ=آگ

(ب) ''ف'' حروف والے الفاظ کو لکیر کے ذریعے چوہے کی دم میں باندھیے۔

گھر فوّارہ داغ

فٹ بال فائدہ فن



۴۔




''ش'' والے لفظوں کو لکیر کے ذریعے ''ش'' سے جوڑیئے۔

## آیئے پڑھیں :

کوّا بولے کا کا

بگلا بولے آ آ



## ٦۔ آیئے، ہم جوڑیں۔ جیسے

| | | |
|---|---|---|
| ۱+۳ | ۴ | ۳+۶ |
| ۲+۳ | ۶ | ۱+۱ |
| ۳+۴ | ۷ | ۲+۴ |
| ۲+۵ | ۵ | ۳+۳ |
| ۱+۱ | ۲ | ۱+۴ |

۸۔ چار دائروں میں دیے گیے نقشوں کو غور سے دیکھیے۔ ان میں سے جو الگ ہو اس پر x نشان لگائیے۔









## ۹۔ دیکھئے اور لکھئے:

جال 

بندو___ 

ٹوپی 

ٹیلی فو___ 

بکری 

___کٹ 

سورج 

گد___ 

## ۱۰۔ پڑھیے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ذرا | کاغذ | چرخہ | پیچی | کعبہ |
| بڑا | لفظ | لباس | پیاز | شیر |
| پیٹ | قرآن | وادی | انگور | پیر |
| کون | آواز | ناک | سر | ادرک |

روپا کا گھر دور بہت ہے

بچو جلدی جلدی آؤ

سبق:۱۱

# چوں چوں کرتی چڑیا آئی

چوں چوں کرتی گیت سناتی
آئی آئی چڑیا آئی
بھوکی تھی وہ ننھی چڑیا
دھان کو جوں ہی کھانا چاہا
چھڑی ہلاتا احمد آیا
چڑیا کو اس نے للکارا
چوں چوں کرتی گیت سناتی
پھر سے اڑکر چڑیا بھاگی



## مشق

ا۔



چھپکلی

بلّی

ترازو

گلاس

ہرن



دونوں دائروں میں دیے گیے نقشوں کو لکیر کھینچ کر ان کے ناموں سے جوڑیئے

۲۔ نقشہ دیکھ کر خالی جگہوں کو پر کیجئے۔



پہیہ



مچھلی



لکڑی



چا____



نا____



ہر____

۳۔ لفظ ''کو'' کی طرح مور کی دم پر لکھے ہوئے حرفوں میں ''و'' ملا کر پڑھیے اور ان میں رنگ بھریے۔




۴۔ نیچے دی گئی تصویروں کو چوکور خانوں میں لکھے گیے صحیح لفظوں کے ساتھ لکیر کھینچ کر جوڑیے۔



## ۵۔ اس طرح لکھیے:

| | | |
|---|---|---|
| ۱۱ | | |
| ۱۳ | | |
| ۱۵ | | |
| ۱۷ | | |
| ۱۹ | | |

| | | |
|---|---|---|
| ۱۲ | | |
| ۱۴ | | |
| ۱۶ | | |
| ۱۸ | | |
| ۲۰ | | |

## ۶۔ نیچے دی گئی مثالوں کو سمجھ کر باقی خالی جگہوں کو پر کیجیے۔

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گا | دا | نا | دا | با | تا | چا |
| نا | | | دی | | | |

## ے۔ کہیئے :





(الف) کتنی چڑیاں ہیں؟

(ب) دیمکیں کتنی ہیں؟

(ج) گائے کتنی ہیں؟

(د) آم کتنے ہیں؟ (ہ) تتلیاں کتنی ہیں؟

(و) لڑکے کتنے ہیں؟ (ز) کتنے پھول کھلے ہیں؟

سبق: ۱۲

# دیوالی

دیوالی کے دن ریما اور سیما کے والد نے کہا۔ آج دیوالی ہے۔ گھر میں بہت سارے لوگ آئیں گے۔ تم دونوں کو بھی کچھ کام کرنا ہوگا۔ آؤ۔ ان موم بتیوں کو سجا کر رکھو۔

مجھ کو جتنی موم بتیاں ضرورت ہوں گی تم دونوں الگ الگ گن کر مجھے دیتی جانا۔



# مشق

ا۔



۷ ۸

۱۵ ۱۳

۱۷ ۱۴

۱۸ ۱۱

۲۔ نیچے کے نقشے میں دی گئیں موم بتیوں کو گن کر صحیح عدد کے ساتھ لکیر کھینچ کر جوڑیے۔



۱۳

۵

۱۲

۱۷

۱۹

۲۰

۳۔ بلّی ، ٹوکری میں جتنی مچھلیاں رکھ چکی ہے۔ ان کو اور باہر رکھی ہوئی مچھلیوں کو جوڑ کر خالی جگہوں کو پر کیجئے۔



۴۔ مندار کے دس پھولوں سے ایک ہار بنایا گیا۔ باقی کتنے پھول بچے؟ بتائیے

۱۲



۱۵



۱۳



۱۷



## ۵۔ خالی جگہوں کو پر کیجیے:

| | |
|---|---|
| ۱ دس |  |
| ۱ دس ۱ اکائی |  |
| ۱ دس ۲ اکائی |  |
| _ دس _ اکائی |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |
| |  |

٦۔ آپ نے عید کے دن کیا کیا دیکھا؟

آپ کے گاؤں یا شہر میں کون کون سے تہوار منایے جاتے ہیں؟

۷۔ نیچے دیے گیے زیر (َ) زبر (ِ) پیش (ُ)، جزم (ْ) یا تشدید (ّ) والے لفظوں کو پڑھیے۔ سَ + رْ + د = سرد، دَ + رْ + د = درد دِ + ن = دن، گِ + ن = گن، سُ + ن = سن ا + م + م + ا + ں = امّاں، ا + ب + ب + ا = ابّا، گ + ن + ن + ا = گنّا ، ل + ٹ + ٹ + و = لٹّو، م + ل + ل + ا = مُلّا، م + ن + ن + ا = مُنّا

جس حرف میں جزم (ْ) ہو وہ ایک بار پڑھا جاتا ہے۔

جس حرف میں تشدید (ّ) ہو وہ دو بار پڑھا جاتا ہے۔

۸۔

مُنّیِ بولِی آرے آ

چڑیا بولِی نارے نا

مُنّیِ دانا دنکالائی

چڑیا چوں چوں کرتی آئی

(ء) ہمزہ: ''ء'' ہمزہ لگے ہویے لفظوں کو پڑھیے۔ آؤ۔ جاؤ۔ گاؤ۔ ناؤ۔ گایے۔ سایے۔ آیئے۔ جایئے۔ سنایئے۔ نائی۔ سگائی۔ پائی۔ رضائی

سبق :۱۳

# چالاک مرغا



کتا اور مرغا دو دوست تھے۔ دونوں کے دن بڑے ہی اچھے گزر رہے تھے۔ ایک دن کی بات ہے کہ مرغا اکیلا تھا۔ جنگل سے ایک گیدڑ آیا۔ اس نے سوچا کہ کس طرح مرغے کو کھایا جایے ۔ یہ سوچتا ہوا وہ قریب آیا۔ اور اس نے مرغے سے کہا'' آو بھائی ! ہم دونوں دوست بن جائیں اور ہنسی خوشی کے ساتھ مل کر رہیں۔





لیکن مرغے کو گیدڑ کے دل کی بات سمجھ میں آگئی۔ اس نے کہا ''ذرا ٹھہرو''۔ میں اپنے ایک اور دوست کو بلا لوں۔ ہم تینوں مل کر دوست بن جائیں گے۔ '' مرغا بانگنے لگا۔ ککڑوں کوں.. ککڑوں کوں.... مرغا کی آواز کو سن کر کتا بھوں بھوں کرتا ہوا دوڑا آیا۔ کتّے کو دیکھتے ہی گیدڑ دوڑتا ہوا گنے کے کھیت میں گھس گیا۔

## مشق

ا۔ تصویر دیکھ کر پڑھیے:


ترنگا


آنکھ


بھینس


مچھلی


موٹرسائیکل


ہوائی جہاز


چیتا


کشتی


تانگا

۲۔

بھائی　　بھالو　　پھول　　پھل

تھوڑا　　تھالی　　جھیل

جھولا　　پھن

بھابھی　　پھوس　　جھنڈا

تھوک



اکرم حرف ''بھ''، ''تھ'' والے لفظوں کو تیر کا نشانہ بنائے گا۔

فرزین حرف ''پھ''، ''جھ'' والے لفظوں کو چوڑی پھینک کر پہچانے گی۔

۳۔ تاروں اور لفظوں کو گن کر جواب دیجیے ؟

(الف) بڑے تارے کتنے ہیں؟

(ب) بڑے اور چھوٹے تارے مل کر کتنے ہیں؟

(ج) بھ اور تھ والے لفظوں کو گن کر بتائیے، کتنے ہیں؟

(د) پھ اور جھ والے لفظوں کو گن کر بتائیے، کتنے ہیں؟

(ہ) خالی تارے کتنے ہیں؟



۴۔ تصویر اور لفظوں کو ملا کر پڑھیے:


اور

دو دوست تھے

جنگل سے

آیا





نے

کو آواز دی


ڈر کر بھاگا

۵۔ لکھیے : .........اور.........دو دوست تھے

جنگل سے.........آیا

.........نے.........کو آواز دی

.........ڈر کر بھاگا




ڈاک خانے کے پاس کیا ہے؟

اسکول سے دور تم کیا کیا دیکھ رہے ہو؟

ڈاک خانہ اور مندر کے بیچ میں کون سی عمارت ہے؟

# حرفوں کی پہچان

ا ب پ ت ٹ ث ج چ ح خ د ڈ ذ ر ز ژ س ش

ص ض ط ظ ع غ ف ق ک گ ل م ن و ہ ھ لا ء ی ے

نقطے کی پہچان: ب ت ث پ

حرکات کی پہچان: َ ِ ُ جزم کی پہچان: ْ تشدید کی پہچان: ّ

# دعا

تو ہے سارے عالم کا رب اے خدا — نہیں کوئی تیرے سوا دوسرا
الٰہی تو سن لے مری التجا — مجھے علم کی روشنی کر عطا
پڑھوں دل لگا کر میں آگے بڑھوں — چڑھوں کامیابی کا زینہ چڑھوں
تیرے نیک بندوں کے رستے چلوں — بصد شوق تیری عبادت کروں
کہا باپ ماں کا نہ ٹالوں کبھی — بزرگوں کی خدمت کروں ہر گھڑی
میں بندہ ہوں تیرا تو احسان کر — میری مشکلوں کو تو آسان کر

مٹادوں جہالت کا میں سلسلہ
مجھے علم کی روشنی کر عطا
الٰہی تجھ ہی سے ہے میری دعا

☆☆☆



